ہو اُن سے والدین ۲۴ منٹ روزانہ بات کرنے کی فرصت نہیں پاتے۔ اس کتاب کے مطالعے کے دوران ایسے درجنوں قیمتی مشورے ملیں گے۔ اسلامک ریسرچ اکیڈمی کی جانب سے خاندان سیریز کی یہ پہلی کتاب ہے۔ کہیں کہیں واقعات کی طوالت کھٹکتی ہے۔ (محمد ایوب منیر)

تعارف کتب

◉ **ہماری بدلتی قدریں**، پروفیسر ثریا بتول علوی۔ ملنے کا پتا: تنظیم منزل، ۴۷-ایبک پارک، ۳-بہاول شیر روڈ، مزنگ، لاہور۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [ہماری معاشرتی اقدار کس طرح بدل رہی ہیں، ان کا مختلف حوالوں سے جائزہ۔ یوم منانے کا نیا رجحان، اسلامی شریعت سے متصادم مغربی تہوار: میراتھن ریس، اپریل فول، ویلنٹائن ڈے، سرکاری سرپرستی میں منعقد کیا جانے والا ہندوانہ تہوار بسنت ـــــ ان موسمی اور شرکیہ تہواروں کی حقیقت، آپ کا یہ ہفتہ کیسا رہے گا؟ کی شرعی حیثیت، لہولعب میں مبتلا ہونے کے نتائج، نیز اپنی اقدار کا تحفظ کیسے ممکن ہے ـــــ ان سب موضوعات پر سیر حاصل بحث۔]

◉ **A Brief Guide To A Distress Free Life**، [ذہنی دباؤ کے بغیر زندگی کے لیے مختصر رہنمائی]، عاصم بحروچا۔ ناشر: مکتبہ دارالہدیٰ، کمرہ نمبر ۸، پہلی منزل، شاہ زیب ٹیرس، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۵۷۔ قیمت: درج نہیں۔ [ذہنی دباؤ (ٹینشن)، مایوسی (ڈیپریشن)، گھریلو پریشانیاں، معاشی مسائل، وقت کی کمی، بلڈ پریشر، امراضِ قلب جیسے مسائل عام ہوتے جارہے ہیں۔ بھرپور زندگی تعمیری سوچ کے ساتھ کیسے گزاری جائے، مسائل پر کیسے قابو پائیں ـــــ عام فہم انگریزی زبان میں مفید اور عملی رہنمائی۔ اسباب کے جائزے ساتھ ساتھ، سادہ حل، ذہنی پریشانی سے نجات کے لیے ٹپس، وقت کے بہتر استعمال کے لیے مختصر رہنمائی، کامیابی کے زریں اصول، احتیاطیں اور کرنے کے کام۔ کامیاب زندگی کے لیے ایک مختصر رہنما کتاب۔]

ماہنامہ ترجمان القرآن
انٹرنیٹ پر دیکھا جا سکتا ہے
www.tarjumanulquran.org